کیمرون کے وفد کی ملاقات

☆ اس کے بعد ملک کیمرون سے آنے والے وفد نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے شرفِ ملاقات پایا۔

☆ کیمرون سے امسال جلسہ سالانہ یُوکے پر آنے والے وفد میں ایک جرنلسٹ محمد عزیز صاحب شامل تھے۔ موصوف نے جلسہ سالانہ کے بارہ میں اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا؛

☆ اس قسم کی انٹرنیشنل کانفرنس میں نے زندگی میں نہیں دیکھی جہاں دنیا کے ہر کونے سے لوگ شرکت کر رہے ہیں۔ جلسہ کے انتظامات نے مجھے حیران کیا۔ ہر کارکن اپنی ڈیوٹی مسکراتے ہوئے بغیر کسی غصہ اور لڑائی کے ادا کر رہا تھا۔ یہ بھی میرے لئے حیران کُن بات تھی کہ یہ سینکڑوں کارکنان بغیر کسی اُجرت کے دن رات کام کرتے ہیں۔

جلسہ کی تقاریر دنیا کے موجودہ حالات کے عین مطابق تھیں۔ ان تقاریر سے میرے علم میں بہت اضافہ ہوا۔ خاص طور پر امام جماعت کے خطابات بہت اہم تھے۔ یہ خطابات دنیا کے حالات بدلنے کے لئے بہت ضروری ہیں۔ اُن کا عورتوں کے ساتھ خطاب بھی بہت اہم تھا۔ اگر گھروں سے بچوں کی تربیت اچھی ہو تو دنیا کا مستقبل بھی بہتر ہوگا۔ ورنہ ہمارے بچے دہشتگردی کے ہاتھوں میں چلے جائیں گے۔ ہمیں امام جماعت احمدیہ کی ہر نصیحت پر عمل کرنا ہوگا تبھی ہم دنیا میں اچھا ماحول اور امن پیدا کرسکتے ہیں۔

☆ یہ ملاقات ایک بج کر چالیس منٹ تک جاری رہی۔ آخر پر موصوف نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔